10دسمبر 2015ء

مالی سال16ء کے پہلے پانچ مہینوں میں کارکنوں کی ترسیلات زر7.57فیصد نمو کے ساتھ 8 ارب ڈالر ہوگئیں

بیرون ملک مقیم پاکستانیوں نے مالی سال16ء کے ابتدائی پانچ مہینوں (جولائی تا نومبر) کے دوران 8098.25 ملین امریکی ڈالر وطن بھجوائے جس سے م س15ء کے اسی عرصے میں بھجوائی گئی رقم 7528.10 ملین ڈالر کے مقابلے میں 7.57 فیصد کی نمو ظاہر ہوتی ہے۔

نومبر 2015ء کے دوران کارکنوں کی ترسیلات زر کی مالیت 1591.75 ملین ڈالر تھی جو اکتوبر 2015ء کے مقابلے میں 3.36 فیصد زائد، اور نومبر2014ء کے مقابلے میں 18.45 فیصد زائد ہے۔ بلحاظ ملک نومبر2015ء کی تفصیلات سے پتہ چلتا ہے کہ سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکہ، برطانیہ، خلیج تعاون کونسل کے ملکوں (بشمول بحرین، کویت، قطر اور عمان) اور یورپی یونین کے ملکوں سے بالترتیب 487.28 ملین ڈالر، 349.83 ملین ڈالر، 231.28 ملین ڈالر، 188.88 ملین ڈالر، 189.43 ملین ڈالر، اور 29.42 ملین ڈالر پاکستان بھجوائے گئے جبکہ نومبر2014ء میں ان ملکوں سے آنے والی رقوم بالترتیب 429.09 ملین ڈالر، 272.87 ملین ڈالر، 189.95 ملین ڈالر، 163.70 ملین ڈالر، 152.45 ملین ڈالر اور 24.53 ملین ڈالر تھیں۔ نومبر 2015ء کے دوران ناروے، سوئٹزرلینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان اور دیگر ملکوں سے آنے والی ترسیلات زر مجموعی طور پر 115.63 ملین ڈالر رہیں جبکہ نومبر 2014ء میں ان ملکوں سے موصولہ 111.17 ملین ڈالر تھی۔

☆☆☆